**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2019**

**Economics Paper I**

**Time: 40 minutes Marks: 25**

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نا لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 25 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نا لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

7۔ اگر آپ چاہیں تو سادہ کیلکولیٹر استعمال کر سکتے ہیں۔

1۔ مسٹر علیم پہلے ایک کم قیمت اسٹور سے اپنے کپڑے خریدتے تھے ۔ ترقی ملنے کے بعد ، علیم نے اپنے کپڑوں کی خریداری ایک اعلیٰ معیار کے برانڈڈ (branded) اسٹور سے کرنا شروع کر دی جو قدرے مہنگا ہے۔

درج بالا صورتِ حال میں ، برانڈڈ اسٹور سے خرید کردہ لباس کو کیا سمجھا جائے گا؟

A۔ گھٹیا اشیاء
B۔ پر تعیش اشیاء
C۔ عمومی اشیاء
D۔ کم تر اشیاء

2۔ علی چاکلیٹ کیک کھانے کا شوقین ہے ۔ وہ ایک میلے میں گیا جہاں یونائیٹڈ بیکرز کی جانب سے کیک پر ترویجی پیش کش جاری تھی ۔ اس پیش کش کے تحت صرف 250 روپے کے عوض' جتنا چاہیں کھائیں۔' اس نے طے کیا کہ وہ اس پیش کش سے فائدہ اُٹھائے گا اور وہ کیک کے 4 ٹکڑے ہی کھا سکا۔

درج بالا صورتِ حال کے تحت ، افادہ مختتم زیادہ سے زیادہ ہو گا

A۔ کیک کے پہلے ٹکڑے پر۔
B۔ کیک کے دوسرے ٹکڑے پر۔
C۔ کیک کے تیسرے ٹکڑے پر۔
D۔ کیک کے چوتھے ٹکڑے پر۔

3۔ درج ذیل میں سے کون سی تعریف **قدرے بہتر** طور پر معاشیات کو بطور سماجی علم بیان کرتی ہے ؟

A۔ یہ علم فردِ واحد کو موجود معاشی وسائل کو مؤثر انداز میں مختص کرنے میں مدد دیتا ہے۔
B۔ یہ علم حکومتی عہدہ داران کو سرکاری آمدنی اور سرکاری خرچ کا جائزہ لینے میں معاونت فراہم کرتا ہے۔
C۔ اس علم میں مطالعہ کیا جاتا ہے کہ کس طرح حکومت یا کاروباری تنظیم وافر مقدارِ زر کو منظم رکھتی ہے۔
D۔ اس علم کے تحت مخصوص علوم جیسے محاسبی ، مالیات، تنظیم ، انسانی وسائل کی منتظمیت اور بازارکاری کا عمیق گہرائی سے مطالعہ کیا جاتا ہے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

4۔ مخلوط معیشت کا سب سے **بڑا** نقصان کیا ہے؟

A۔ پست آمدنی کی غیر مساوی تقسیم کی حوصلہ افزائی کرنا

B۔ قومیائے جانے کے خطرات کا منڈلانا

C۔ برق رفتار معاشی ترقی کو فروغ دینا

D۔ نجی املاک کے حصول کی آزادی کی فراہمی

5۔ ''معاشیات انسان کے اس طرز عمل کا مطالعہ کرتی ہے جس کا تعلق خواہشات کو پورا کرنے کے قلیل ذرائع سے ہے جن کے متبادل استعمالات ممکن ہوتے ہیں۔''

درج بالا تعریف پیش کی تھی

A۔ آدم اسمتھ نے۔

B۔ لائنل رابنز نے۔

C۔ الفریڈ مارشل نے۔


D۔ مینارڈ کینز نے۔

April/ May 2019 for Teaching & Learning only


6۔ حالیہ دنوں پاکستان میں، برڈ فلو وائرس (پرندوں کی ایک قسم کی بیماری) کی افواہ کے باعث مرغی کے گوشت کی طلب میں کمی واقع ہوئی تھی۔

اس افواہ سے طلب پر اثرات کو درج ذیل میں سے کون سا خط ظاہر کرتا ہے؟


A۔





B۔




C۔





D۔




April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

7۔ دیے گئے خط میں وہ نقطہ جہاں قیمت کم جب کہ مقدارِ طلب زیادہ ظاہر کی گئی ہے وہ ہے:




A۔ I۔

B۔ II۔

C۔ III۔

D۔ IV۔

April/ May 2019
Teaching & Learning only

8۔ نفیسہ جو کڑھائی والے ملبوسات تیار کرنے کی ماہر ہے، عموماً ذاتی نوعیت (personalised) کے آرڈر وصول کرتی ہے۔ وہ اپنے کاروبار کو وسعت دینا چاہتی ہے۔ لہٰذا وہ اپنی شے کی منڈی کی طلب کا تخمینہ لگانا چاہتی ہے۔

اس شے کی منڈی کی طلب کا بہترین تخمینہ کچھ یوں لگایا جاسکتا ہے


A۔ گزشتہ ماہ کے تمام موصول شدہ آرڈرز کی مجموعی طلب کا اوسط نکال کر۔

B۔ گزشتہ ماہ اُسے موصول شدہ سب سے بڑے آرڈر کو مدِّ نظر رکھ کر۔

C۔ صارف سے موصول شدہ آخری آرڈر کو مدِّ نظر رکھ کر۔

D۔ گزشتہ ماہ کے دوران تیار کردہ تمام آرڈرز کا مجموعہ نکال کر۔

9۔ دیا گیا خط ایک شے کے خطِ طلب کو ظاہر کرتا ہے ۔ جس میں نقطہ Y سے نقطہ Z کی طرف منتقلی کی ممکنہ وجہ ہو سکتی ہے:




A۔ قیمت
B۔ آمدنی
C۔ خریداروں کی تعداد (زیادہ خریدار)
D۔ مقدارِ طلب

10۔ اکثر حالات میں ، خطِ طلب کا جھکاؤ نیچے کی طرف گرتا ہوا ہوتا ہے کیوں کہ

A۔ طلب میں اضافہ قیمت میں کمی کے ساتھ ہوتا ہے۔
B۔ طلب میں کمی قیمت میں کمی کے ساتھ ہوتی ہے۔
C۔ طلب میں اضافہ قیمت میں اضافہ کے ساتھ ہوتا ہے۔
D۔ قیمت میں اضافہ کے باوجود طلب یکساں رہتی ہے ۔

11۔ اگر قیمت میں تبدیلی کا فیصدی تناسب اور مقدارِ طلب میں تبدیلی کے فیصدی تناسب کے یکساں رہے، تو طلب کی لچک کیا کہلائے گی ؟

A۔ لچک دار
B۔ اکائی کے برابر
C۔ غیر لچک دار
D۔ مکمل غیر لچک دار

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

12۔ درج ذیل میں سے کون سا سبب خطِ رسد کے مثبت جھکاؤ کی وجہ بن سکتا ہے؟

A۔ قیمت

B۔ رجحان

C۔ مقدارِ رسد

D۔ مقدارِ طلب

13۔ ایک منڈی، شکر کی فاضل رسد کو ظاہر کرتی ہے۔ شکر کے پیدا کنندگان نے قیمت میں کمی کے سبب شکر کی رسد روک کر ذخیرہ اندوزی شروع کر دی ہے۔

پیدا کنندگان کے اس رویہ کی روک تھام کے لیے حکومت کو طویل مدت میں

A۔ اعانتی قیمت معین کر دینی چاہیے۔


B۔ توازنی قیمت معین کر دینی چاہیے۔

C۔ کم سے کم منڈی کی قیمت معین کر دینی چاہیے۔

D۔ زیادہ سے زیادہ منڈی کی قیمت معین کر دینی چاہیے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

14۔ دیے گئے خط میں، نقطہ X سے نقطہ Y پر منتقلی کیا ظاہر کرتی ہے؟




A۔ رسد میں کمی

B۔ رسد میں اضافہ

C۔ رسد میں پھیلاؤ

D۔ رسد میں سکڑاؤ

15۔ درج ذیل میں کون سی وجہ خطِ رسد کی **بلواسطہ** (براہِ راست) **منتقلی** کا سبب بنتی ہے؟

A۔ آبادی میں تبدیلی


B۔ افراد کی آمدنی میں تبدیلی

C۔ دیگر اشیاء کی قیمتوں میں تبدیلی

D۔ عاملین پیدائش کی لاگت (مصارف) میں تبدیلی

16۔ دیے گئے گراف میں اگر خطِ طلب نقطہ D سے $D_0$ کی جانب **منتقل** ہو جائے، تو منڈی کا نیا نقطہِ توازن ہو گا

Legend:
S = initial supply
D = initial demand
$S_0$ = revised supply
$D_0$ = revised demand




A۔ I۔

B۔ II۔

C۔ III۔

D۔ IV۔

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

17۔ ایسی صورتِ حال جہاں بیرونی دباؤ کی غیر موجودگی میں طلب اور رسد کی قوتیں باہم برابر ہو جائیں تو اسے کہا جاتا ہے منڈی کا

I۔ توازن ۔

II۔ فاضل نفع۔

III۔ خسارہ۔


A۔ صرف I

B۔ صرف III

C۔ I اور II

D۔ II اور III

18۔ دیے گئے گراف میں تبدیلی کے تجزیہ سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ




A۔ طلب میں اضافہ رسد کی نسبت زیادہ ہے۔

B۔ طلب میں اضافہ رسد کی نسبت کم ہے۔

C۔ طلب اور رسد میں اضافہ یکساں نوعیت کا ہے۔

D۔ طلب اور رسد میں کمی کی نوعیت یکساں ہے۔

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

19۔ سبزی منڈی میں محدود رسد اور صارف کی بڑھتی ہوئی طلب کے باعث ٹماٹر کی قیمت چند روز میں 20 روپے فی کلوگرام سے بڑھ کر 120 روپے فی کلوگرام ہو جاتی ہے۔

اس تناظر میں، وقت کے لحاظ سے ٹماٹر کی منڈی کو کہا جائے گا

A۔ طویل مدتی منڈی (سالانہ منڈی)
B۔ قلیل مدتی منڈی (ماہانہ منڈی)
C۔ انتہائی قلیل مدتی منڈی (روز مرہ کی منڈی)
D۔ انتہائی طویل مدتی منڈی (ایک مالیاتی سال سے زیادہ کی منڈی)


20۔ حکومت بنیادی سہولت کے ڈھانچہ کی ترقی اور ملک میں قدرتی وسائل کی تلاش کے لیے 5 بلین روپے کی سرمایہ کاری کرتی ہے۔

جو عاملینِ پیدائش اس صورت حال سے **فوراً** متاثر ہوں گے وہ ہیں:

A۔ زمین اور سرمایہ
B۔ زمین اور آجر
C۔ آجر اور محنت
D۔ سرمایہ اور آجر

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

21۔ فراہم کردہ تصویر میں کس 'عاملینِ پیدائش' کے معاوضہ کو 'سود' تصور کیا جائے گا؟



22۔ رحیم شہر کے مختلف حصوں میں متفرق فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹ کا سلسلہ چلاتا ہے۔ وہ ماہانہ 50 ہزار روپے کماتا ہے۔

عاملینِ پیدائش کے حوالے سے رحیم کی آمدنی کو کہا جائے گا

A۔ لگان
B۔ تنخواہ
C۔ نفع
D۔ سود

23۔ 2017 کے اعداد و شمار کے مطابق جنوبی اشیاء کے ممالک میں سے کس ملک کی فی کس آمدنی بلند سطح پر تھی؟

A۔ انڈیا
B۔ بھوٹان
C۔ پاکستان
D۔ مالدیپ

24۔ معاشی سرد بازاری کے سبب ایک ڈیپارٹمنٹل اسٹور اپنے عملہ میں کمی کی منصوبہ بندی کرچکا ہے۔ جس کے نتیجہ میں ندیم جو کہ بطور سیلز آفیسر اپنی خدمات انجام دیتا تھا، کو نوکری سے ہاتھ دھونا پڑا ہے۔

ندیم کی بے روزگاری کہلائے گی:

A۔ دوری (cyclic)
B۔ موسمی (seasonal)
C۔ فرکی (frictional)
D۔ ساختی (structural)

25۔ کسی معیشت کی فی کس آمدنی کی پیائش کے لیے کُل قومی آمدنی کو تقسیم کیا جاتا ہے کُل

A۔ آبادی سے۔
B۔ برسرروزگار آبادی سے۔
C۔ ہنرمند آبادی سے۔
D۔ معاشی طور پر سرگرم آبادی سے۔

April/May 2019
for
Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only